# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/MTMB/06 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ**(Workplace) | یوسی | **شعبہ**(Department) | مدرستہ المدینہ بالغان |
| **منصب**(Designation) | یوسی ذمہ دار | **جوابدہ**(Report to) | تحصیل ذمہ دار |
| **کام**(Function) | بالغ عاشقانِ رسول کو درست مخارج کے ساتھ قرآن پاک کی تعلیم دینا، نماز اور دینی مسائل سکھانا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | مفتشین + مدرسین |

## منصب کے کام - Job Description

1. یوسی سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. اپنا پیشگی و عملی جدول متعلقہ نگران کو پیش کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. عاشقانِ رسول کو درست تلفظ کے ساتھ قرآنِ پاک کی تعلیم دینے کے لیے ہر ذیلی حلقے (مساجد، سکولز اور مارکیٹس وغیرہ) میں مدرستہ المدینہ بالغان شروع کرنا۔
5. مساجد میں مدرستہ المدینہ بالغان نیو شروع کروانا اور پہلے سے جاری مدارس المدینہ بالغان میں شرکت کرکے طلباء کی تعداد کو بڑھانے کی کوشش کرنا۔
6. مدرستہ المدینہ بالغان میں طلباء کی حاضری لگانے، معلومات رجسٹر میں لکھنے، مُدرس اور شرکاء کے روزانہ وقت پر حاضر ہونے کا اہتمام کروانا۔
7. مدرستہ المدینہ بالغان میں پڑھنے والے طلباء کو دینی کاموں کا ذہن دینے اور اہلیت کے مطابق ذیلی حلقہ وارڈ وغیرہ پر دینی کاموں کی ذمہ داری دینے کا اہتمام کروانا۔
8. ہفتہ وار اجتماع میں مدنی حلقوں کے بعد اور رمضان المبارک میں اعتکاف کے جدول کے مطابق وقت مقرر پر عاشقانِ رسول کے مدرستہ المدینہ بالغان لگوانا۔
9. مختلف مواقع پر مدرستہ المدینہ بالغان کے لئے مدرسین مہیا کرنا اور نگران کے ذریعے کروانا۔
10. یوسی میں قرآن پڑھانے کے اہل افراد بالخصوص حفاظ و درست ناظرہ خواں عاشقانِ رسول کا ڈیٹا جمع کرنا اور قرآن ٹیچنگ کورس کروانا۔
11. قاعدہ، ناظرہ اور قرآن ٹیچنگ کورس کرنے والوں کا ریکارڈ بنانا اور انکے ٹیسٹ دلواکر کنزالمدارس بورڈ سے اسناد جاری کروانا۔
12. یوسی کے تمام مدارس المدینہ بالغان کے جملہ امور کا جائزہ لیتے رہنا اور کمزوریاں (Weaknesses) دور کرنا۔
13. مارکیٹس اور مساجد میں لگنے والے مدرستہ المدینہ بالغان کی شعبے کے مفتشین کے ذریعے طے شدہ جدول (Schedule) کے مطابق تفتیش کروانا۔
14. ختمِ قرآن اجتماعات کا جدول شعبے کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق چلانا، نگران کے ذریعے مضبوط مبلغین کے بیانات کروانا اور ریکارڈ محفوظ رکھنا۔
15. ختمِ قرآن اجتماع میں اہلِ محلّہ و مقامی عاشقانِ رسول کے ساتھ ساتھ بااثر افراد کی حاضری کروانا۔
16. شعبے کا بینر/پینا فلیکس مدرستہ المدینہ بالغان پڑھانے کے مختلف مقامات (ہفتہ وار اجتماع اور رمضان اعتکاف کی مساجد و مدنی مراکز وغیرہ) کی نمایاں جگہ پر لگوانا۔
17. شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز تنظیمی معلومات واپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
18. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کرنا۔
19. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا۔
20. نگران کے ذریعے شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم**: میٹرک/انٹر     **دینی تعلیم**: ناظرہ (درس نظامی کو ترجیح ہوگی)
- **کورسز**: اذکارِ نماز و مسائل نماز ٹیسٹ پاس ہو، قافلہ کورس کیا ہو۔
- **تجربہ**: متعلقہ شعبے میں کم از کم 1 سے 2 سال کا تجربہ ہو۔
- Time management, Leadership, Communication, Flexibility, Conceptual Skills, Problem solving

**اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔**

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- خوشی و غمی (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) کے مواقع میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی باثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ وغیرہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ نیز المدینۃ العلمیۃ کے تیار شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں